ZIAUDDIN UNIVERSITY
EXAMINATION BOARD

# HSSC URDU PAPER (LANG)

## Section 1 : Listening

## Section 2 : Reading

## Section 3 : Writing

## Section -1

## Listening

**Total Marks : 50**

مشق نمبر : 1

ادبی شخصیت امجد اسلام امجد کے بارے میں دیئے گئے سوال 1 تا 4 کے جوابات پرچے میں دی گئی جگہ پر لکھئے۔آپ کے جوابات مختصر ہونے چاہئیں۔

-1 امجد اسلام امجد کس شہر میں پیدا ہوئے؟

جواب ------------------------------------------------ (1)

-2 ان کے شعری مجموعوں کی تعداد کتنی ہے ؟

جواب ------------------------------------------------ (1)

-3 آپ کو ادبی خدمات کے صلے میں کس تمغے سے نوازا گیا ؟

جواب------------------------------------------------(1)

-4 امجد اسلام امجد کی وفات کس سن میں ہوئی؟

جواب------------------------------------------------(1)

مشق نمبر : 2

ایک ریڈیو کی خبروں سے پیش کردہ بیان کو سننے کے بعد سوالات کے لئے صرف ایک صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

-5 جشنِ نوروز ہر سال کس مہینے میں منایا جاتا ہے؟ (1)

-A جنوری

-B فروری

-C مارچ

-D اپریل

-6 نوروز کے لفظی معنی کیا ہیں ؟ (1)

-A نیا مہینہ

-B نیا دن

-C نیا سال

-D نیا زمانہ

-7 جشنِ نوروز کتنے ہزار سال سے منایا جارہا ہے ؟ (1)

-A چھ ہزار سال

-B پانچ ہزار سال

-C چار ہزار سال

-D تین ہزار سال

-8 اقوامِ متحدہ کی طرف سے نوروز مارچ کی کس تاریخ کو منایا جاتا ہے ؟ (1)

-A 19 مارچ

-B 20 مارچ

-C 21 مارچ

-D 22 مارچ

مشق نمبر : 3

بلوچستان میں واقع خوجک سرنگ پر سنی گئی رپورٹ سے متعلق سوال نمبر 9 تا 12 میں خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

-9 کوئٹہ سے۔۔۔کلومیٹر دور جنوبی ایشیاء کی سب سے بڑی ریلوے سرنگ ہے۔ (1)

-10 اس سرنگ کی تعمیر کا آغاز۔۔۔۔۔دورِ حکومت میں کیا گیا۔ (1)

-11 تعمیر کا کام ہاتھوں سے ہونے کی وجہ سے تقریباً۔۔۔ سو مزدور جاں بحق ہوئے۔ (1)

-12 اس سرنگ کی تعمیر میں ایک کروڑ 97 لاکھ ۔۔۔۔ہزار اینٹیں استعمال کی گئیں۔ (1)

## مشق نمبر : 4

روزے کی اہمیت کے بارے میں چھ آراء کو سنتے ہوئے 13 تا 16 ہر جملے کو صحیح رائے سے ملائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 13- تقویٰ دراصل اللہ کے احکامات پر دل و جان سے عمل کرنا ہے۔ | پہلی رائے | (1) |
| 14- عربی میں روزے کو صوم کہا جاتا ہے۔ | پانچویں رائے | (1) |
| 15- روزہ صرف بھوکا پیاسا رہنا نہیں بلکہ نفس پر قابو پانا ہے۔ | تیسری رائے | (1) |
| 16- روزے دار کو اللہ کی رضا اور قرب حاصل ہوتا ہے۔ | چوتھی رائے | (1) |

## مشق نمبر : 5

ابھی آپ دل کے دورے کے بارے میں ہونی والی گفتگو سن رہے تھے۔ یہ معلوماتی گفتگو سن کر ہر سوال کے لئے صحیح جواب کے سامنے ٹک کا نشان لگائیے۔

17- خدیجہ کے گھر میں کس کو دل کا دورہ پڑا تھا؟ (1)

نانی

دادی

امی

18- دل کے دورے سے محفوظ رہنے کے لئے کیا ضروری ہے؟ (1)

ٹھنڈا پانی پینا

زیادہ سونا

باقائدہ ورزش کرنا

19- امراضِ قلب کے ڈاکٹر سے معائنہ کب کرایا جائے؟ (1)

ہر چھ ماہ بعد

روزانہ

ہر پانچ سال بعد

20- دل کے دورے سے بچنے کے لئے کیا ضروری ہے ؟ (1)

ادویات کا استعمال نہ کیا جائے

ڈاکٹر سے دور رہا جائے

ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کیا جائے

**Section -2** **Marks: 10**

## Reading

مشق نمبر :6

درج ذیل سبق آموز کہانی کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

کسی باغ میں ایک کبوتر نے اپنا گھونسلہ بنایا ہوا تھا۔ایک دن کبوتر دانہ جمع کر کے گھونسلے میں آیا تو اس کے بچوں نے اسے بتایا کہ آج باغ کا مالک اپنے بیٹے سے کہہ رہا تھا کہ پھل توڑنے کا زمانہ آ گیا ہے کبوتر کے بچوں نے پریشان ہو کر کہا کیا اب ہمارا گھر برباد ہو جائے گا؟ کبوتر نے کہا فکر نہ کرو کچھ نہیں ہوگا اور یوں ہی ہوا۔کچھ عرصے کے بعد باغ کا مالک اپنے بیٹے کے ساتھ آیا اور کہا میں اس دن پھل توڑنے نہ آ سکا کیوں کہ میرے دوست وعدے کے مطابق نہ آئے اب انہوں نے وعدہ کیا ہے کہ کل ضرور آئیں گے ۔کبوتر نے کہا گھبراؤ نہیں اب بھی مالک پھل توڑنے نہیں آئے گا۔اسی طرح وہ دن بھی گزر گیا اور اس کے دوست نہ آئے۔آخر کار باغ کے مالک نے تنگ آ کر فیصلہ کیا کہ میں کسی پر بھروسہ نہیں کروں گا اپنا کام خود کروں گا اور خود ہی باغ کے پھل توڑوں گا۔

کبوتر یہ سن کر بہت پریشان ہو گیا اور بچوں سے کہنے لگا کے اب ہمیں اپنا ٹھکانا کہیں اور تلاش کرنا چاہیے۔باغ کا مالک کل یہاں ضرور آئے گا کیوں کے اس نے دوسروں پر بھروسہ کرنا چھوڑ دیا ہے۔اس سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ اپنے کام کو خود کرنے کا ارادہ ہی دراصل کامیابی کی سیڑھی ہے۔

-1 باغ میں کس پرندے نے اپنا گھونسلہ بنایا ہوا تھا؟

جواب------------------------------------------------(1)

-2 کبوتر کے بچے کیوں پریشان ہو گئے تھے ؟

جواب------------------------------------------------(1)

-3 کبوتر نے یہ کیوں کہا کہ باغ کا مالک کل ضرور آئے گا؟

جواب------------------------------------------------

(2)------------------------------------------------

## مشق نمبر:7

گلگت بلتستان کے بارے میں اس معلوماتی عبارت کو غور سے پڑھیے۔

گلگت بلتستان کا خوبصورت ترین علاقہ غِذر ہے۔ جہاں کی سرسبز وادیاں ،فلک بوس پہاڑ، نیلا آسمان اور صاف شفاف پانی میں پائی جانے والی ٹراوٗٹ مچھلی یہاں آنے والے سیاحوں کو دعوتِ نظارہ دیتی ہے۔ ضلع غِذر کا خوبصورت ترین علاقہ پھنڈر ہے جسے زمین پر جنت کا ٹکڑا کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔اس وادی کی رنگ بدلتی جھیل سیاحوں کے لئے کشش کا باعث ہے۔ یہ جیل وادیِ پھنڈر کی خوبصورتی کو چار چاند لگا دیتی ہے۔اس جیل میں شامل ہونے سے پہلے گلیشیئر سے نکلنے والے پانی کا ریلہ جب اونچی نیچی پگڈنڈیوں پر سے گہری ڈھلوانوں کی طرف بہتا ہے تو یوں لگتا ہے جیسے نیلا ربن دور دور تک سبزے کے بیچوں بیچ بچھا ہوا ہے۔اس وادی کے دلکش نظارے سیاحوں کے دل کو لبھاتے ہیں۔ پرندوں کی سُریلی آواز کانوں میں رس گھولتی ہے۔جھیل کے چاروں جانب گہرے ہرے رنگ کے درختوں کا عکس جھیل کے حسن میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔ یہ خوبصورت وادی پہلی ہی نظر میں سیاحوں کو اپنے سحر میں جکڑ لیتی ہے اسے دیکھ کر ذہین میں حقیقت کے بجائے یہ گمان ہوتا ہے کہ کسی مصور نے کمال کاری گری سے اسے کاغذ پر اتار دیا ہے۔اگر ہمت ، شوق اور لگن ہو تو رنگ بدلتے پانی کی ان خوبصورت جھیلوں کو ضرور دیکھیں۔شہری زندگی کی مصروفیات سے کچھ لمحے نکال سکیں تو یہ نظارے بالکل مفت میں دستیاب ہیں۔اس وادی کے حسن کو دیکھ کر حیرت کا احساس ہوتا ہے کہ ایسی جگہیں انسان کی نظر سے کس طرح اوجھل ہیں۔ یہ ایسی جگہیں ہیں جنہیں دیکھ کر انسان کا دوبارہ جینے کو جی چاہتا ہے۔

نوٹ:     گزشتہ عبارت میں گلگت بلتستان کے بارے میں کچھ معلومات دی گئی ہیں ۔

اب آپ ایک خلاصہ لکھئے جس میں گلگت بلتستان کا علاقہ غِذر ، نظارے اور حسن و خوبصورتی کے بارے میں لکھتے ہوئے **100** الفاظ پر مشتمل خلاصہ تحریر کیجئے۔

خلاصے کے مواد کے **3** نمبر اور زبان کے معیاری استعمال کے لئے **3** نمبر تک دیئے جاسکتے ہیں۔

( کل نمبر :**6** )

## Section -3 Marks : 20

## Writing

مشق نمبر : **8**

لڑکیوں کی تعلیم سے معاشرہ دوگنی ترقی کرتا ہے۔آپ کے دوست نے اس کے بارے میں آپ کی رائے پوچھی ہے۔اپنے دوست کو ایک ای میل کے ذریعے اپنی رائے سے آگاہ کیجئے۔آپ کی ای میل **150** الفاظ مشتمل ہونی چاہئے۔

**یا**

ایس۔ایس کمپنی کے ڈائریکٹر کے نام ملازمت کے حصول کے لئے ایک درخواست لکھئے۔

اپنی درخواست میں درج ذیل نکات ضرور شامل کیجئے۔

- آپ کو اس نوکری کا کیسے پتا چلا؟ اور اس نوکری کی نوعیت کیا ہے ؟
- آپ کی مکمل تعلیم اور کام کا تجربہ۔
- آپ کی ایسی مہارت جو آپ کے کام میں آپ کو مدد دے سکتی ہے۔
- درخواست **150** الفاظ پر مشتمل ہونی چاہئے۔

مواد کے **4** نمبر جب کے زبان اور طرزِ تحریر کے **6** نمبر دیئے جائیں گے۔

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

---------------------------------------------------

مشق نمبر : **9**

" احتیاطی تدابیر بیماریوں سے محفوظ رکھنے کی ضامن ہوتی ہیں "

آپ اس رائے سے کس حد تک متفق ہیں؟ اس بارے میں ایک مضمون کی صورت میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ مضمون **150** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔

اس سوال کے لئے آپ کو **10** نمبر تک دیئے جا سکتے ہیں۔

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------

# Answer Key

# HSSC Urdu Paper - 1

## Section -1

## Listening Answer Key

مشق نمبر:1

ادبی شخصیت امجد اسلام امجد کے بارے میں دیئے گئے سوال 1 تا 4 کے جوابات پرچے میں دی گئی جگہ پر لکھئے۔آپ کے جوابات مختصر ہونے چاہئیں۔

-1 امجد اسلام امجد کس شہر میں پیدا ہوئے؟

جواب امجد اسلام امجد لاہور میں پیدا ہوئے۔ (1)

-2 ان کے شعری مجموعوں کی تعداد کتنی ہے ؟

جواب ان کے شعری مجموعوں کی تعداد بارہ ہے۔ (1)

-3 آپ کو ادبی خدمات کے صلے میں کس تمغے سے نوازا گیا ؟

جواب آپ کو ستارۂ امتیاز سے نوازا گیا۔ (1)

-4 امجد اسلام امجد کی وفات کس سن میں ہوئی؟

جواب آپ کی وفات 2023ء میں ہوئی۔ (1)

مشق نمبر:2

ایک ریڈیو کی خبروں سے پیش کردہ بیان کو سننے کے بعد سوالات کے لئے صرف ایک صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

-5 جشنِ نوروز ہر سال کس مہینے میں منایا جاتا ہے؟ (1)

-A جنوری

-B فروری

-C مارچ ✔

-D اپریل

-6 نوروز کے لفظی معنی کیا ہیں ؟ (1)

-A نیا مہینہ

-B نیا دن ✔

-C نیا سال

-D نیا زمانہ

-7 جشنِ نوروز کتنے ہزار سال سے منایا جارہا ہے ؟ (1)

-A چھ ہزار سال

-B پانچ ہزار سال

-C چار ہزار سال

-D تین ہزار سال ✔

-8 اقوامِ متحدہ کی طرف سے نوروز مارچ کی کس تاریخ کو منایا جاتا ہے ؟ (1)

-A 19 مارچ

-B 20 مارچ

-C 21 مارچ ✔

-D 22 مارچ

مشق نمبر : 3

بلوچستان میں واقع خوجک سرنگ پر سنی گئی رپورٹ سے متعلق سوال نمبر 9 تا 12 میں خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

-9 کوئٹہ سے 113 کلومیٹر دور جنوبی ایشیاء کی سب سے بڑی ریلوے سرنگ ہے۔ (1)

-10 اس سرنگ کی تعمیر کا آغاز برطانوی دورِ حکومت میں کیا گیا۔ (1)

-11 تعمیر کا کام ہاتھوں سے ہونے کی وجہ سے تقریباً آٹھ سو مزدور جاں بحق ہوئے۔ (1)

-12 اس سرنگ کی تعمیر میں ایک کروڑ 97 لاکھ 24 ہزار اینٹیں استعمال کی گئیں۔ (1)

## مشق نمبر : 4

روزے کی اہمیت کے بارے میں پانچ آراء کو سنتے ہوئے 13 تا 16 ہر جملے کو صحیح رائے سے ملائیں۔

13- تقویٰ دراصل اللہ کے احکامات پر دل و جان سے عمل کرنا ہے۔ (تیسری) پہلی رائے (1)

14- عربی میں روزے کو صوم کہا جاتا ہے۔ (پہلی ) پانچویں رائے (1)

15- روزہ صرف بھوکا پیاسا رہنا نہیں بلکہ نفس پر قابو پانا ہے۔ (چوتھی ) تیسری رائے (1)

16- روزے دار کو اللہ کی رضا اور قرب حاصل ہوتا ہے۔ (پانچویں) چوتھی رائے (1)

## مشق نمبر : 5

ابھی آپ دل کے دورے کے بارے میں ہونی والی گفتگو سن رہے تھے۔ یہ معلوماتی گفتگو سن کر ہر سوال کے لئے صحیح جواب کے سامنے ٹک کا نشان لگایئے۔

17- خدیجہ کے گھر میں کس کو دل کا دورہ پڑا تھا؟ (1)

نانی

دادی ✔

امی

18- دل کے دورے سے محفوظ رہنے کے لئے کیا ضروری ہے؟ (1)

ٹھنڈا پانی پینا

زیادہ سونا

با قائدہ ورزش کرنا ✔

19- امراضِ قلب کے ڈاکٹر سے معائنہ کب کرایا جائے؟ (1)

ہر چھ ماہ بعد ✔

روزانہ

ہر پانچ سال بعد

20- دل کے دورے سے بچنے کے لئے کیا ضروری ہے ؟ (1)

ادویات کا استعمال نہ کیا جائے

ڈاکٹر سے دور رہا جائے

ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کیا جائے ✔

## Section -2

## Reading

**مشق نمبر :6**

سبق آموز کہانی کو پڑھنے کے بعد دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

-1 باغ میں کس پرندے نے اپنا گھونسلہ بنایا ہوا تھا؟

جواب باغ میں کبوتر نے اپنا گھونسلہ بنایا ہوا تھا۔ (1)

-2 کبوتر کے بچے کیوں پریشان ہو گئے تھے ؟

جواب کبوتر کے بچوں کو ڈر تھا کہ ہمارا گھر برباد ہو جائے گا۔ (1)

-3 کبوتر نے یہ کیوں کہا کہ باغ کا مالک کل ضرور آئے گا؟

جواب کبوتر کو یقین تھا کہ جب باغ کے مالک نے دوسروں پر بھروسہ کرنا چھوڑ دیا ہے اور خود اپنا کام کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے تو وہ کل ضرور آئے گا۔ (2)

**مشق نمبر: 7**

نوٹ: گزشتہ عبارت میں گلگت بلتستان کے بارے میں کچھ معلومات دی گئی ہیں ۔

اب آپ ایک خلاصہ لکھئے جس میں گلگت بلتستان کا علاقہ غِذر ، نظارے اور حسن وخوبصورتی کے بارے میں لکھتے ہوئے 100 الفاظ پر مشتمل خلاصہ تحریر کیجئے۔

خلاصہ: غذر گلگت بلتستان کا حسین علاقہ ہے یہاں کی ہری بھری وادیاں، اونچے پہاڑ اور ٹراؤٹ مچھلی سیاحوں کو متاثر کرتی ہے۔ پھنڈر علاقہ جنت کی طرح حسین ہے یہاں کی جھیل خوبصورتی میں اضافہ کرتی ہے اور یہاں کے نظارے سیاحوں کے دل کو لبھاتے ہیں اور جھیل کے چاروں طرف درختوں کا پڑنے والا عکس ان کی خوبصورتی کو بڑھاتا ہے۔ جس کی وجہ سے یہ خوبصورت وادی سیاحوں کو پہلی نظر میں ہی اپنی طرف راغب کرتی ہے اور اسے دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کسی مصور نے کاغذ پر اپنی کاری گری دکھائی ہو۔

# Section -1

# Listening Transcript

# ریکارڈنگ کے لئے

**مشق نمبر: 1**

**سوال 1 تا 4**

ادبی شخصیت امجد اسلام امجد کے بارے میں ایک معلوماتی مضمون سنتے ہیں جو دو مرتبہ سنایا جائے گا۔

امجد اسلام امجد پاکستان کے نامور شاعر ، ڈرامہ نگار اور گیت نگار تھے۔ وہ 14 اگست 1944 کو لاہور میں پیدا ہوئے۔ لاہور سے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد ایم اے او کالج لاہور میں شعبہ اردو کے پروفیسر مقرر ہوئے۔ 1975 سے 1979 تک وہ پاکستان ٹیلی وژن نیٹ ورک کے ڈائریکٹر بھی رہے۔ ان کے شعری مجموعوں کی تعداد بارہ ہے۔ امجد اسلام امجد کو ان کی ادبی خدمات کے صلے میں تمغۂ حسن کارکردگی اور ستارۂ امتیاز سے بھی نوازا گیا تھا۔ ان کی وفات 10 فروری 2023 کو لاہور میں ہوئی۔

**مشق نمبر : 2**

**سوال 5 تا 8**

ریڈیو کی خبروں سے پیش کردہ بیان کو سنیے جو دو مرتبہ سنایا جائے گا۔

ایران ، افغانستان اور پاکستان سمیت کئی ممالک میں ہر سال مارچ کے مہینے میں جشنِ نوروز منایا جاتا ہے۔ نوروز کے لفظی معنی نیا دن کے ہیں اسی لئے قدیم فارسی کیلینڈر کے آغاز کے موقع پر یہ تہوار منایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ آتش پرست، پارسی، ایرانی اور وسطی ایشیاء کے لوگ اس تہوار کو مذہبی عقیدت و احترام سے مارچ کے وسط میں مناتے ہیں۔ مورخین کے مطابق جشنِ نوروز تین ہزار سال سے منایا جا رہا ہے۔

اقوامِ متحدہ کی طرف سے 21 مارچ کو نوروز ڈے کے طور پر منایا جاتا ہے۔

مشق نمبر : 3

سوال 9 تا 12

بلوچستان میں واقع خوجک سرنگ کے بارے میں ایک رپورٹ سنئے۔ یہ رپورٹ دو مرتبہ سنائی جائے گی۔

کوئٹہ سے 113 کلومیٹر دور شانزلہ اور شیلاباغ کے درمیان جنوبی ایشیاء کی سب سے بڑی ریلوے سرنگ بنائی گئی ہے۔اس کی تعمیر کا آغاز 14 اپریل 1888ء کو برطانوی دورِ حکومت میں کیا گیا جب کے اس کا افتتاح تین سال بعد کیا گیا۔تقریباً ڈھائی میل لمبی یہ سرنگ روہڑی چمن ریلوے لائن میں واقع ہے۔اس کی موجودہ حیثیت فعال ہے۔ یہ سرنگ سطح سمندر سے چھ ہزار تین سو اکیاسی فٹ کی بلندی پر واقع ہے۔ بھاری مشینری نہ ہونے کی وجہ سے اس کی تعمیر کے دوران کھدائی کا کام ہاتھوں سے کیا گیا تھا۔اس مشکل کام کے دوران تقریباً آٹھ سو مزدور جان سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے۔اس سرنگ کی تعمیر میں ایک کروڑ ستانوے لاکھ چوبیس ہزار اینٹیں استعمال کی گئیں اور اس کی تعمیر کے دوران روزانہ 80 ٹن پانی استعمال کیا گیا۔ یہاں دن رات کام کرنے کے لئے روشنی کی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ساڑھے چھ ہزار چراغ جلائے جاتے تھے۔پاکستانی کرنسی کے پانچ روپے کے پرانے نوٹ پر خوجک سرنگ کی تصویر چھاپی جاتی تھی۔

مشق نمبر : 4

سوال 13 تا 16

روزے کی اہمیت کے بارے میں پانچ افراد کی گفتگو سنئے۔یہ گفتگو دو مرتبہ سنائی جائے گی۔

پہلی رائے : اسلام میں تیسری بنیادی عبادت روزہ ہے۔عربی میں روزے کو صوم کہا جاتا ہے اور اس کی جمع صیام ہے۔اس کا مطلب ہے رک جانا یا بچ جانا۔اسلامی اصطلاح میں روزے سے مراد یہ ہے کہ صبح صادق سے لیکر سورج غروب ہونے تک تمام خواہشات سے بچے رہنا اور کسی قسم کی برائی نہ کرنا۔قرآن فرماتا ہے کہ اے ایمان والو! تم پر روزہ فرض کیا گیا ہے جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیا گیا تھا تاکہ تم اللہ سے ڈرو۔

دوسری رائے : رمضان کے روزے 2 ہجری میں فرض کئے گئے۔ روزہ ایک ایسی عبادت ہے جو نہ صرف مسلمانوں پر فرض کیا گیا بلکہ پچھلی قوموں پر بھی فرض کئے گئے تھے۔ سفر اور مرض کے علاوہ روزہ ہر عاقل ، بالغ اور ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آدمی کے ہر نیک عمل کا ثواب دس گنا سے لیکر سات سو گنا تک بڑھا دیا جاتا ہے۔

تیسری رائے : اسلامی عبادات کا بنیادی مقصد تقویٰ حاصل کرنا ہے۔ تقویٰ یہ ہے کہ اللہ کے احکامات پر دل و جان سے عمل کیا جائے۔ روزہ اللہ کی رضا کے لئے رکھا جاتا ہے۔ اس لئے روزے کا بنیادی مقصد تقویٰ ہے۔ روزہ رکھنے سے انسان میں تقویٰ پیدا ہوتا ہے یعنی روزے دار کو ایسا احساس پیدا ہوتا ہے جو اسے ہر اچھے کام پر ابھارتا اور برے کا سے روکتا ہے۔

چوتھی رائے : روزہ ایک ایسی بدنی عبادت ہے جس سے اللہ کی اطاعت اور خوشنودی حاصل کرنے کا شوق پروان چڑھتا ہے۔ روزہ صرف کھانے پینے سے رکے رہنے کا نام نہیں بلکہ نفس پر قابو پانے کا نام ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص جھوٹ اور برے کام نہ چھوڑے تو اللہ کو اس کے بھوکے رہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس لئے روزے دار کے لئے ضروری ہے کہ وہ برائیوں اور ناجائز باتوں سے پرہیز کریں۔

پانچویں رائے : روزے دار کو اللہ کی رضا اور قرب حاصل ہوتا ہے۔ بھوکے پیاسے رہنے کا احساس اس کے دل میں دوسرے انسانوں سے ہمدردی کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ روزہ ایک ایسی پوشیدہ عبادت ہے جس کا ثواب اللہ سے ملتا ہے لیکن اس کے اچھے اثرات معاشرے پر مرتب ہوتے ہیں۔ روزہ رکھنے سے جہاں اطمنانِ قلب اور صبر و شکر جیسے روحانی فوائد حاصل ہوتے ہیں اور کم کھانے سے پورے دن معدے کو آرام ملتا ہے اور انسان بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

مشق نمبر : 5

سوال 17 تا 20

خدیجہ اور عائشہ کے درمیان دل کے دورے کے بارے میں ہونے والی گفتگو سنیں گے۔ یہ معلوماتی گفتگو دو مرتبہ سنائی جائیگی۔

عائشہ ! خدیجہ کل میری دادی جان کو دل کا دورہ پڑنے پر اسپتال میں داخل کروادیا گیا ہے۔ میں ان کے لئے بہت پریشان ہوں۔

خدیجہ ! عائشہ ، یہ دل کا دورہ پڑنے کی کیا وجوہات ہیں ؟

عائشہ ! جب دل کی شریانوں میں کسی بھی وجہ سے رکاوٹ آجاتی ہے تو دل کا وہ حصہ جسے شریانوں سے خون فراہم ہوتا ہے خون کی فراہمی متاثر ہونے پر مردہ ہوجاتا ہے اسے دل کا دورہ کہا جاتا ہے اور اگر دل کی شریانوں میں دورانِ خون کم ہوجائے تو دل میں شدید درد ہوتا ہے اسے انجائنا کہا جاتا ہے جب کے کچھ لوگوں کا دل شریانوں کے اچانک سکڑ جانے پر کام کرنا ہی بند کردیتا ہے۔

خدیجہ ! کیا ان کے علاوہ بھی کوئی وجوہات ہوسکتی ہیں؟

عائشہ ! جی ہاں ، ناقص اور غیر متوازن خوراک ، ورزش نہ کرنا، تمبا کو نوشی کے ساتھ ساتھ ذہنی دباؤ اس مرض کی اہم وجوہات ہیں تاہم کچھ لوگوں کو یہ مرض خاندانی طور پر وراثت میں بھی ملتا ہے ۔

خدیجہ ! دل کے دورے کی علامات کیا ہیں ؟

عائشہ ! سینے میں درد، بے چینی اور بھاری پن محسوس ہونا، چکر آنا، تھکن، متلی، بھوک کا نہ لگنا، ٹھنڈے پسینے آنا، سانس لینے میں دشواری اور منہ سے خون آنا جیسی علامات ظاہر ہوں تو دل کے دورے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

خدیجہ ! ہم امراضِ قلب سے خود کو کیسے محفوظ رکھ سکتے ہیں ؟

عائشہ ! اس مہلک بیماری سے بچنے کے لئے ہمیں باقاعدہ طور پر جسمانی ورزش کرنی چاہیئے، خوراک میں چکنائی خصوصاً حیوانی چربی کا استعمال کم کردینا چاہیئے۔ متوازن خوراک مناسب مقدار میں کھانی چاہیئے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہر چھ ماہ بعد امراضِ قلب کے ڈاکٹر سے معائنہ کروایا جائے ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کرنے کے ساتھ ادویات کا بھی استعمال کیا جائے ہر قسم کی پریشانی سے بچا جائے، خود خوش رہیں اور دوسروں کو بھی خوش رکھیں تو یقیناً ہم اس مہلک مرض سے بچے رہیں گے۔

# Marking Scheme

## Section -1 (Listening) Marsk: 20

مختلف سیاق وسباق میں بولی جانے والی اردو کو سمجھنے اوراس کا جواب دینے کی صلاحیت کا اندازہ لگا گئیں۔

مثلاً : اعلان ، مکالمہ ، رپورٹ ، انٹرویو

آڈیو کلپس سے معلومات نکالنے کی مہارت کا اندازہ لگائیں۔

سننے کی صلاحیت کی بنیاد پر عمل کرنے اور مختلف کاموں کو مکمل کرنے کی صلاحیت کی جانچ کریں۔

**ان تمام سوالات میں طلباء کو تقریباً پورے نمبر مل سکتے ہیں۔**

## Section -2 (Reading ) Marsk : 10

اقتباسات اور سوالات کے ذریعے پڑھنے کی سمجھ اوراس کی مہارت کا اندازہ لگائیں۔

دیئے گئے مواد میں معلومات کا خلاصہ اوراہم تفصیل کو شناخت کرنے کی صلاحیت کا اندازہ کریں۔

طلباء سے خلاصہ تیار کرنے کی ضرورت کے ذریعے تحریری مہارتوں کا اندازہ کریں ۔

**ان تمام سوالات میں ضرورت کے مطابق نمبر کاٹے جاسکتے ہیں۔**

## Section - 3 ( Writing ) Marsk : 20

اشارے کے جواب میں اچھے طریقے سے لکھنے کی صلاحیت کی جانچ کریں جیسے ای میل کی ساخت اور رائے ، مضمون لکھنے کی مہارتوں کا اندازہ لگایا جائے کہ طلباء دلیل اور آراء کو مربوط طریقے سے پیش کرنے کی کتنی صلاحیت رکھتے ہیں۔

## Reading

مشق نمبر : 6 — نمبر کی تقسیم

1۔ دیئے گئے سوال کے متعلق واضح جواب ہو ، الفاظ کا استعمال درست کیا گیا ہو
املا اور ہجے کی غلطیوں کے نمبر نہیں کاٹے جائیں گے۔ 2

2۔ اس سوال میں صرف ایک نکتہ میں جواب دیا جائے گا۔ 1

3۔ درج سوال میں جواب دو نکات کی صورت میں دیا جائے گا تو مکمل ہوگا۔
ایک نکتہ میں جواب دینے پر آدھے نمبر یعنی ایک نمبر دیا جائے گا۔ 2

4۔ اس سوال میں دونوں حصے لکھنے پر ہی جواب مکمل سمجھا جائے گا۔ اگر نکات کم لکھے گئے ہوں تو اسی لحاظ سے نمبر یعنی دو نکات لکھنے پر صرف دو نمبر اور ایک نکتہ لکھنے پر ایک نمبر دیا جائے گا۔ 3

5۔ عبارت میں تاریخ کا ذکر ہے یعنی سات سے نو جولائی اس لئے اگر ایک تاریخ لکھی گئی تو صرف ایک نمبر ہی ملے گا۔ 2

مشق نمبر: 7 — نمبر کی تقسیم

1۔ الفاظ کے استعمال، نکات کی مربوط ترتیب دینے کی اچھی کوشش ، مختصر کرنے پر کنٹرول ، الفاظ اور قواعد کے ڈھانچے کی منظّم ترتیب۔ 4-5

2۔ الفاظ کا درست استعمال نکات کی اچھی ترتیب لیکن الفاظ کے ڈھانچے کی تھوڑی نے ترتیبی 3-2

3۔ الفاظ کا اچھا استعمال لیکن نکات کو واضع اور جامع زبان میں نہ لکھا گیا ہو، مواد کا محدود تعلق۔ 2-1

4۔ اپنے الفاظ کا استعمال نہ کیا گیا ہو۔ نکات کے لئے واضع اور معیاری زبان کا استعمال بھی نہ ہو یعنی خلاصہ قابلِ اعتبار نہیں ہے۔ صفر

## Writing

**مشق نمبر : 8 (ای میل)** — **نمبر کی تقسیم**

**مواد کا استعمال ۔**

| | |
|---|---|
| 1۔ مناسب مقصد اچھا احساس ، خیالات کا اچھا بیان ، موثر طریقے سے بات چیت ، منظّم اور مربوط طریقہ کار اور پیراگراف بنائے گئے ہوں۔ | 10-12 |
| 2۔ زیادہ تر متعلقہ سے کام مکمل کیا ہو، خیالات کو مناسب طریقے سے ڈھالا گیا ہو لیکن ان مطابقت نہ ہو اور پیراگراف کا خیال بھی نہ رکھا گیا ہو۔ | 8-6 |
| 3۔ چند متعلقہ نکات کے ساتھ لکھا گیا ہو، نامناسب انداز ، خیالات کی صرف کوشش کی گئی ہو۔ تنظیم اور ہم آہنگی کی کمی ہو۔ | 5-2 |
| 4۔ کوئی قابلِ اعتبار جواب نہیں۔ | صفر |

**اندازِ بیان کی درستگی۔** — **نمبر کی تقسیم**

| | |
|---|---|
| 1۔ الفاظ اور مشکل ڈھانچے کو مناسب طریقے کا ڈھالنا ، مناسب انداز اور پیراگراف ، زبان کا بہترین کنٹرول ، کچھ معمولی غلطیاں۔ | 10-12 |
| 2۔ الفاظ اور ساخت کا مناسب طریقے سے استعمال ، مناسب انداز ، درست پیراگراف ، زبان کا مناسب استعمال اور چند غلطیاں۔ | 9-7 |
| 3۔ الفاظ کا محدود حدتک سادہ انداز کچھ کامیاب کوشش ،مناسب خیالات ،پیراگراف کا درست نہ ہونا اور زبان پر کچھ کنٹرول۔ | 6-4 |
| 4۔ بنیادی الفاظ اور سادہ انداز کا استعمال ، نامناسب پیراگراف ، اندازِ بیاں ایسا جیسے شک کا شکار ہو۔ | 3-2 |
| 5۔ کوئی قابلِ اعتبار جواب نہیں۔ | صفر |

## مشق نمبر : 9 ( مضمون نویسی )

| مواد کا استعمال ۔ | نمبر کی تقسیم |
|---|---|
| 1۔ بہت اچھا، تفصیلی ، واضع کردہ ، ہم آہنگی سے دلیل ۔ | 15۔13 |
| 2۔ دلیل واضع اور نتیجہ اخذ کرنے کی کچھ صلاحیت ہو ۔ | 12۔11 |
| 3۔ موضوع پر کچھ معلومات ہے ، بحث کرنے کی صلاحیت محدود ہے۔ | 10۔7 |
| 4۔ ناقص دلیل کی کچھ کوشش ، غلط فہمی کو دلیل بنانے کی چھوٹی کوشش ہو۔ | 6۔3 |
| 5۔ مبہم اور عمومی ، بے ترتیب طور پر خیالات کا پیش کرنا۔ | صفر |

| زبان کا معیار ۔ | نمبر کی تقسیم |
|---|---|
| 1۔ بہت اچھا ، پیچیدہ نمونوں کا پُر اعتماد استعمال، وسیع ذخیرہ الفاظ، محاورے کی اچھی سمجھ بوجھ ہو۔ | 15۔13 |
| 2۔ عام طور پر کچھ غلطیوں کے باوجود قواعد کی صحیح گرفت مختلف اچھے الفاظ کا استعمال ہو۔ | 12۔11 |
| 3۔ سادہ الفاظ مختتی ہونے کا رجحان کم ہے ، محاورے کا نامناسب استعمال ہو ۔ | 10۔7 |
| 4۔ مستقل غلطیوں کے ساتھ سادہ اندازِ بیان اور محدود الفاظ ہوں۔ | 6۔3 |
| 5۔ صرف سادہ ترین جملے، قواعد کی صحیح گرفت نہ ہونا اور محدود الفاظ ہوں۔ | صفر |